اور ندا کے حرف کے بعد جس حالت مین منادی اُسکا محذوف ہو مثلاً بو علی قلندر مصرع ای که گوئی هیچ مشکل چون فراق یار نیست ۔ اور منادی مذکور کے بعد بھی مثلاً مصرع ای دوست که دل ز بنده بر داشته ۔

بتیسوین کاف عطف مثلاً بیت

ای بسا اسپ تیز رو که بماند	که خر لنگ جان بمنزل برد

تینتیسوین کاف تحقیر کہ سوای اواخر کلمات اوّل و وسط الفاظ مین نہین واقع ہوتا۔ اور ما قبل اُس کا مفتوح رہتا ہے سعدی۔ بیت

مردک سنگدل چنان بگزید	لب دخترک که خون از و بچکید

یعنے مرد حقیر حکیم سنائی۔ بیت

من و کشکولکے و پوستکے	دلکے پر ز درد دوستکے

چونتیسوین کاف نتیجہ و ترتیب فائدہ کرتا کے معنی دیتا ہے مثلاً حافظ ع ای بیخبر بکوش که صاحب خبر شوی۔ یعنے تا صاحب خبر شوی اہلی۔ بیت

مجادرم چو سگان بهر پاس در کوئیت	فرشته را نگذارم که بگذرد بسوئیت

پینتیسوین کاف حذف کہ لفظ ہر کسی کے بعد یائی تحتانیہ کے بغیر اور مع اور ترادف

کے آئے مثلاً امیر فطرت مصرع هر کسی کشته آن نرگس جادو باشد

دوسری مثال ہے یا ظہوری ع هر کس ز دوازده مقاصش خبرست

مثال مترادف مصرع چنان بر عشرتم قائم فضا لامکان تنگ است

چھتیسوین کاف کہ قائل کے کلام سے بیان کے واسطے مع الصفت و بغیر صفت آئے مثلاً مع الصفت حافظ۔ بیت

شنیده ام خبری خوش که پیرِ کنعان گفت	خیال یار نه آن میکند که بتوان گفت

دوسری مثال غیر صفت مصرع شنیده ام که درین روزها کهن پیری ۔ اور کلمہ کے بیان کے واسطے مثلاً قتیل مصرع جان من تا که دل از من بردی ۔ اور کلمہ تا کے بعد حذف بھی ہو جاتا ہے مثلاً نظامی هیچ شب نخسپند بیده تا کسب نماند ۔

سینتیسوین کاف تفسیر و بیان۔ اور اُسکی چند قسمین ہین

اول وہ کہ یائی صفت کے بعد آئے اور اُسکی دو قسمین ہین۔ قریب و بعید قریب وہ ہی کہ صفت مجہول اور کاف بیان مین کوئی حرف زیادہ ہو مثلاً مصرع گلے که در نقش آبرو هی چمن است بیت

چشمی که ترا ندیده باشد	آن دیده بگو چه دیده باشد

بعید وہ ہے کہ اُسمین کوئی لفظ زیادہ ہو مثلاً بیت

وجودی ده بدر و شنائی جمع	که نوریش در سینه باشد چو شمع

دوسری وہ کہ اسمار اشارات کے بعد کہ این و آن وا وہین واقع ہو یہ بھی دو قسم پر ہے

اوّل وہ کہ کاف سی قریب ہے مثلاً مصرع این که می بینیم به بیداری است یارب یا بخواب

دوسری وہ کہ کاف سی بعید ہو مثلاً حافظ ع اینقدر هست که بانگ جرسی می آید

اور متصل مثلاً لفظ آن کہ بین سپہر سعید مصرع ای آنکہ دوای درد مندان
اور منفصل لفظ آن سے بابا فغانی سہ غر ہلاک آن نگہ یار کم کہ چون سہ نیو
کبھی حذف بھی ہوتا ہے مثلاً بیت

ناہ من گفتا مکن بہر سو نظر گفتم بچشم
سوی من بین ہیچ ہمین سوی دیگر گفتم بچشم

اور کبھی مصرع کے آخر مین ساکن مثلاً بیت

نگہ دو دو بر من بہ از دوا تاکہ
نہ پرسی حال من ای راحت دل

اٹھتیسوین سببیہ مثلاً بیت

نیفتد و سین طشت فریاد کس
کہ بربستہ شد راہ فریاد رس

شعر

سوی مخزن آوردم اوّل بسیچ
کہ سستی نکردم دران کار ہیچ

انتالیسوین کاف ترحم مثلاً طفلک و خوردک جامی بیت

کاف رحمت گفتت تصغیر نیست
جد چو گوید طفلکم تحقیر نیست

چالیسوین کاف معترضہ مثلاً بیت

چشم بد اندیش کہ برکندہ باد
عیب نماید ہنرش در نظر

سعدی اشعار

برو تا ز خوانت نصیبی دہند
کہ فرزندگانت ببختی درآند
بیندیش از ان طفلک بی خبر
وز آہ دل دردمندش حذر

اکتالیسوین کاف بمعنی تا مثلاً نثر آن سخن زیادہ از حد خود نخواہم گفت
کہ مردم عیب کنند یعنے تا مردم

بیالیسوین کاف تمثیل مثلاً شعر

شد لعل گون از ربط سر تا و ن
روان سیحیان کز ربط کشتہ چون

تینتالیسوین کاف زائد کلمہ مثلاً باک تاک چاک کلام متکلم وغیرہ ٭

کاف فارسی

اس حرف کے معنی برہان قاطع مین لاف و گزاف و سخنان لاطائل کے ہین اور
زبان عرب سے خارج ہے اسکی دو قسمین ہین ٭

اوّل گاف ابدال کہ غین معجمہ سے بدل جاوے مثلاً گلالہ و غلالہ بمعنی زلف
اور دال مہملہ سے مثلاً اورنگ و اورند تخت کو کہتے ہین اور الف سے مثلاً
گستاخ و استاخ بمعنی شوخ **سیف الدین اسفرنگی**

تیر از کشاد چشم تو استاخ میرود
شاید کہ در حریم دل خصم محرم است

اور بائے عربی سے مثلاً گلغونہ و بلغونہ اور واو سے مثلاً گل و ول ضم اول سے
مشہور لفظ ہے و گراز و وراز بمعنی خوک نر اور یائے تحتانی سے مثلاً زرگون زریون
بران مین بمعنی رنگ و آذرگون و آذریون ایک شقایق کی قسم ہے جسکے کناری سرخ
اور میانہ سیاہ ہوتا ہے اور بحالت تعریب جیم سے مثلاً بنگ و بنج و گیلان و جیلان
و گوہر و جوہر و خشینگ و اخشیج ٭

دوسری کاف کلمہ مثلاً جنگ و چنگ سینگ و سنگ و تنگ و رنگ و تگل و گل وغیرہ

لام

لغت مین لام کی جمع کہ زرہ کو کہتے ہین اور ایک قسم کی بدی کلاہ جو فقیر پہنتے
ہین اور وہ مرکب کہ عنبر و مشک و نیل ولاجورد سے بنا کر چشم زخم کے دفعیہ کیواسطے

بچون سے سینہ اور چہرون پر نقش کرتے ہین - اور لاف و گزاف و زیور و آرایش و کمر بند و درخت میوہ دار و زردشت کو بھی کہتے ہین اور اس حرف کو معشوقون کی زلفون سے بھی تشبیہ دیتے ہین عدد اسکے تیس ہین اور دو قسمین ہین

اول لام ابدال - کہ را مہملہ سے بدلے مثلاً ارو ند و الوند ؁

دوسرے لام کلمہ مثلاً گل گل غل نغل علم حلم وغیرہ

میم

لغت مین خیا می وراز او رشراب خالص کو کہتے ہین حساب ابجد مین اسکے چالیس عدد ہین اور چودہ قسم پر ہے ؁

اول میم ابدال کہ خا معجمہ سے بدلے مثلاً بم و بخ بالضم بمعنے تالاب **ابو الحسن شہید - بیت**

چون تن خود بیرم پاک بشست　　برتن او تمام بولو رست

اور غین سے مثلاً پیمانہ و پیغانہ اور فا سے مثلاً مخیز و فخیز مہمیز کو کہتے ہین اور مہمیز اصل مین مہاز تہا بطور امالہ مہمیز ہوا **فردوسی - بیت**

چو رستم ورا دید زان گونہ تیز　　بر آشفت زان سان کہ بور از مخیز

اور نون سے مثلاً مجین و نجیم فتح اول سے بمعنی برستون **ملا شانی تکلو**

دہیم را یادش بریغ غصہ خوشتر از نوید　　جسم خصمش ہر روز کینہ بہتر از نجیم

خواجہ جمال الدین سلمان - بیت

از جہان منسوخ شد رسم کجا غند و مجین　　بعد ازین کس را خیال ہیچ گردد در کمان

دبان و بام بمعنی سطح جسکا مرادف سقف ہے مثلاً **مولوی معنوی - بیت**

سر فرو کن یکدمی از جان چرخ　　تا زنم من چرخہا بر سان چرخ

اور ہا ہوز سے مثلاً بادم و بارہ بمعنی خانہ چوبین او مضارع مین یا سے مثلاً آمدن سے آید اور آخر الفاظ مین زائد مثلاً چرا و چرام بمعنی چریدن **حکیم سنائی**

آن شنیدی کہ در ولایت شام　　بردہ بودند اشتران بچرام

دوسری میم متکلمہ یا فاعل مثلاً اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ غازی **باعی**

دیروز زپی گلاب مے گردیدم　　پژمردہ گلے بروی آتش دیدم
گفتم چہ گنہ کہ میسوزندت　　گفتا کہ درین باغ دمی خندیدم

تیسری میم تخصیص کہ اعداد کے آخر مین بمعنی خصوصیت و تعین آتی اور مضموم ہو مثلاً چہارم - پنجم - ہفتم - لفظ دوم مین بسبب ثقالت ضمات کے مفتوح ہی اور سوائے اسکے مفتوح شاذ ہے مولف (جواہر الحروف) نے اس میم کو میم فاعلیت لکہا ہے

چوتھی میم نہی کہ صیغہ امر حاضر پر واقع ہو مثلاً مکن مگو مزن **مہوی خواجہ شیراز**

زلف بر باد مدہ تا ندہی بربادم　　ناز بنیاد مکن تا نکنی بنیادم

پانچوین بمعنی خود مثلاً **ظہوری**

نتوان بر دسخن بپای دگران رفت　　دنبال خود انداختہ ام راہبرم را

یعنے راہبر خود را **بیت**

گفتم کہ برم کلفت زرویم　　دور یخت غبار غم بمویم

یعنے از روی خود

چھٹے زائد مثلاً (بجت) **بیت**

تو درمیان نکویان فرشتہ باشی من　　نظر کنم بتو نازم بہ انتخاب خودم

دبخانہ خودم میروم و براسپ خودم سوارم ٭

ساتوین میم علامت کہ عربی مین بعضا اسم مصدر و اسم فاعل و اسم مفعول و اسم ظرف و اسم آلہ مین آئے اور مصادر کے اول مفتوح مکسور مضموم تینون طرح سے واقع ہو مثلاً مصلحت محنت مصاحبت اور اسم ظرف مین مفتوح مثلاً مطلع مسجد اور اسم آلہ مین مکسور مثلاً میزان اور اسم فاعل مین مضموم مثلاً معتقد و منجم اور اسم مفعول مین مضموم و مفتوح دونو طرح مثلاً محزون و منور

آٹھوین میم مفعول مثلاً بیت

ہم گفتی و دشنامم تو دادی	خوشم فرمودی و کامم تو دادی

سعدی - بیت

تولای مردان آن پاک بوم	برانگیختم خاطر از شام و روم

نظامی مصرع بران دارم ای مصلحت خواہ من ٭ یعنی خوش مرا فرمودی و دشنام مرا دادی و برانگیخت مرا خاطر و بران دار مرا

نوین میم نسبت مثلاً نیلم منسوب بہ نیل کہ ایک قیمتی جوہر ہے دیبالم و ابریشم ہیلا ہے منسوب ہے کہ مشہور کپڑا ہے

دسوین بمعنی ہستم مثلاً مصرع ستم زغم عشق تو مستم مستم - یعنی مست ہستم

گیارہوین میم تانیث مثلاً خانم و بیگم مونث خان و بیگ

بارہوین میم مضاف الیہ مثلاً ملا فوقی یزدی - بیت

دلم برد آبروی گریہ چند	شب و روز از فلک بیہودہ زارد

جامی - بیت

زشعرم خامہ را شکرفشان کن	زعطرم نامہ را عنبرفشان کن

ملا فوقی یزدی - بیت

وفا چو دید کہ انصاف از جہان کوچید	فغان ز سینہ برآورد و گفت کو پدرم

یعنی پدر من و دل من و شعر من و عطر من و حرف من

تیرہوین - میم حذف کہ بطور ندرت حذف کیجاتے مثلاً سعدی - بیت

گفتم کہ گلے بچینم از باغ	گل دیدم و مست شد بہ بوی

انوری - بیت

القصہ بازگشتم و آمد بخانہ زود	دربانہ کرد و باز ببستاز پس ستوا

یعنی مست شدم و آمدم نیز جب دوسری میم سے متصل ہو حذف ہو جاتی مثلاً شعر

در وضو کن ہمین راستنجا	نیز بر دست و روی نیمن با
پس بہ آن نیمن کہ میماند	پای شوید ہر آنکہ میداند

یعنی نیم من **شرف شقروہ - بیت**

چون بشکل پستہ بکشاید نمکدان حیات	در میان پستہ اش سی و دو بادام مغز بین

یعنی بادام مغز یہ قاعدہ حروف مکررہ مین جاری ہے میم سے مخصوص نہین ہے

چودہوین - میم کلمہ مثلاً منعم منعم ناعم نعم فخیم جسیم قدیم رحیم یتیم وغیرہ

نون

فارسی مین کنون کا مخفف ہے اور تنہ درخت عربی مین یعنے مچھلی و شمشیر و دوات و سیاہی دوات و چاہ زنخدان و نام شہر و شب یعنی رات اسکے پچاس عدد ہین اور گیارہ قسم پر ہے ٭

اوّل - نون ابدال کہ میم سے بدلے مثلاً بان وبام پشت سقف مکان کو کہتے ہین اور لام سے مثلاً چندن وچندل جسکا معرب صندل ہے ونیلوفر ونیلوفل اور رامی ہوز سے مثلاً مرزن ومرزہ موش کو کہتے ہین اور بعد حروف علت کہ مدہ ہووین غنہ آتا ہے ظاہر کرنا اس نون کا قبیح بلکہ صحیح نہین ہندی مین جائز ہے مثلاً مکان تکمین زمان وزمین زبون سخون وغیرہ اور اکثر کلمون کے درمیان بطور غنہ مثلاً نشاند وسنگ اور جس کلمہ مین کہ نون وبا یا نون کاف باہم واقع ہون تو انکو میم سے بدل دیتے ہین مثلاً گلبانگ وگلبام بمعنی آواز بلند

شعر

گلبام زند کوس وگلبام زندکاست — کاتش بکلام آرد خمار بصبح اندر

وسنب وسم پای حیوانات شعر

تا بہ بوش عارض وطاق طرنب — سرکجا کہ خود نمی بنیم سنب

ودنب ودم جسکا معرب ذنب ہے وخنب وخم شیخ واحدی - بیت

بدکان می فروشان کرد ہست ہرچہ دارم — ہمہ جیبہا تہی گشت ہنوز در خمارم

وکنب وکم مولوی روم

تو بدان خدای بنگر کہ صد اعتقاد بخشد — زچہ سنی ہست مردمی زچہ رافضی ہست کنبی

اوراس لفظ کا معرب قم ہے کہ عراق مین ایک شہر ہے وانبرود وامرود ❖

صاحب کامل التعبیر - بیت

انبرود ہست ما پہ شادی — مال قید ہست محنت آزادی

اور وسط کلمہ مین زائد مثلاً ہمگنان کہ اصل مین ہمگان تہا مانند بندگان اور

ہمگان کا کاف فارسی بجائے یای ہوز بہی ❖

دوسرے نون جمع - مثلاً آنان ایشان شبان کسان حافظ - بیت

شراب لعل کش وروی مہ جبینان بین — خلاف مذہب آنان جمال ایشان بین

وآسیابان جمع آسیاب ملا فوقی - یزدی - بیت

آسیا می وبہر خالی دیدم از جنس وفا — دربجهان بوقی مطہر ز آسیابان میبرم

حزین - بیت

آنانکہ خاک راہ ترا توتیا کنند — بی پردہ گردیدہ دراہی جہان کنند

حسن بیگ قزوینی - شعر

بلطفی واپہ وستش بیگرفت وزیر لب می گفت — کہ این سرپنجہ از خون کسان رنگین شود روزی

تیسرے نون رابطہ مثلاً خوش مستن یعنی خوش ہست ودبیرن یعنی دبیر ہست

چوتہے نون مصدری جسکے ما قبل تاے مثنات فوقانیہ یا دال مہملہ ہو مثلاً نوشتن نہادن وغیرہ

پانچوین نون زائد کہ کلمات کے آخر مین آوے مثلاً زیبا وزیبان ودعا ودعانان وپاداش وپاداشن وداودان ❖

چہٹے نون حالیہ - کہ الف فاعلی کے بعد آوے مثلاً خندان گریان وقطرہ زنان ودویان وجویان حکیم سنائی

قاصد اشک وگر قطرہ زنان سے آید — کہ بدل شوق کہی از پی آن سے آید

بعض اسکو نون فاعلیت بہی کہتے ہین ❖

ساتوین نون نسبت - کہ اسما کے آخر مین واقع ہوتا ہے مثلاً رہین کہ نیم سے

منسوب ہے ورنجن رنج سے وجوشن جوش سے ۔

آٹھوین نون تردید کہ اسکے وسیلے سے معنی ذکر [illegible] کے معنون کی طرف راجع ہون علم صنائع مین اسکو رجوع گفت مین مثلاً [illegible]

نی گلاب ہست این کہ بر رخسار مہوش میزنی ‌ ‌ ‌ تا نسوزد عالمی آبی بر آتش میزنی

کلیم ۔ نظم

ہیچ ست کہ حنا زیب فزای تن اوست ‌ ‌ ‌ کو ہی ست کہ لالہ زار در دامن اوست

نی نی غلطم کہ آسمان دگر است ‌ ‌ ‌ در رنگ حنا شفق بہ پیراہن اوست

نوین نون استفہام خواہ تقدیری ہو مثلاً سعدی ۔ بیت

نہ مارا در جہان عہد وفا بود ‌ ‌ ‌ جفا کردی و بدعہدی نمودی

دسوین نون نفی کہ مفتوح و مکسور کلمات کے اول مین حروف و افعال و اسما سے متصل ہوکر آتا ہے امثال اسم مصرع ۔ نی پای رفتن فی رای بودن شد ۔ مثال فعل روحی مصرع زن نخواہد اگر شود دختر قیصر بدہند مثال حرف کہ ہمزہ خطابی پر واقع ہوا ہے ع عزیز تر شدہ از کعبہ ای لباس پست ۔ اور کبھی منفصل مثلاً صائب ع اگر نہ مد بسم اللہ بدی تاج عنوانہا یعنے اگر نہ بودی ۔

گیارھوین نون کلمہ مثلاً بوستان گلستان نان نہان وغیرہ

واو

اس حرف کے معنی لغت مین شترون کے گلے کے ہین اور ابجد مین چھ عدد دیتا اور یہ تین قسم پر ہے ۔

اول واو ابدال کہ الف سے بدلے مثلاً کوس و کاس بمعنی نقارہ بزرگ امیر خسرو ۔ بیت

دمدمہ کاس آواز خوش ‌ ‌ ‌ کوس زدہ بر فلک کاسہ وش

و فروغ و فرلغ بمعنی تاب و روشنی حکیم قطران

از خوی او بوئے گل و نسترن شمیم ‌ ‌ ‌ وز روی او گزند و مہرو سے فراغ

اور بای تازی سے مثلاً نوی و نبی ضم اول سے بمعنی قرآن مجید و نوشتہ و نبشتہ اور بای فارسی سے مثلاً وام و پام اور جیم عربی سے مثلاً تذرو و تدرج اور فارسی مثلاً یاوہ و یافہ بمعنی بیہودہ و کالوہ و کالفہ اور دال مہملہ سے مثلاً کالیوہ و کالیدہ بمعنی پریشان شیخ شیراز ۔ شعر

ازین خضرقی موی کالیدہ ‌ ‌ ‌ بدی سر کہ در روی مالیدہ

منوچہری ۔ بیت

نالہ بلبل سحرگاہان و باد مشکبوی ‌ ‌ ‌ مردم سرمست را کالیوہ و شیدا کند

اور میم سے مثلاً میویز و میمیز مثلاً عمر خیام ۔ رباعی

آنہا کہ اسیر عقل و تمییز شدند ‌ ‌ ‌ در حسرت ہست و نیست ناچیز شدند

رو باخبری و آب انگور گزین ‌ ‌ ‌ کین بیخبران بغورہ میمیز شدند

بروا سپیدہ و پر ہسپیدہ بفتح باء تازی و باء فارسی سے کسی چیز کو سردی یا گرمی نرمی یا زشتی کے ادراک کے لیے مس کرنا شہرہ آفاق ۔ شعر

ہر کہ بروا سپید آن اندام را ‌ ‌ ‌ در کف خود دید سیم خام را

شہاب الدین ۔ شعر

زرپو رسیدن آن نازک اندام — شگفت اندر کفم گلہائی بادام

اور یای تحتانی سے مثلا ہنوز و ہنیز مثلا فردوسی شعر

خبردار از آین بہ آئین و ہنیز — کہ بر شتہ نہفتہ نماند است چیز

وانگور وانگیر اور شین معجمہ سے مثلا خدیو و خدیش یعنی خدا وند ابوسلم نیشاپوری - رباعی

در طاہرت اگر نحا ہیم درویش — زنیم چہ زلی لطعنہ بترم خفیش
دارد ہر کس بنا باندازہ خویش — درخانہ خود و بندہ آزاد و خدیش

حکیم رودکی بیت

چہ خوش گفت آن مرباآن خدیش — مکن بر کس آنچہ نخواہی بخویش

دوسرے فدائیہ مثلا حافظ شعر

دل خرابی میکند دلدار را آگہ کنید — زینہار ای دوستان جان من و جان شما

یعنی جان من فدای جان شما

تیسرے واو بمعنی یا مثلا سعدی - بیت

گل ہمین پنج روز و شش باشد — این گلستان ہمیشہ خوش باشد

یعنی پنج روز یا شش

چوتھی اضرابیہ بمعنی بلکہ مثلا حسین ثنائی شعر

گردون سیاستی و عجب عتاب تو — جور زمانہ و ستم آسمان یکی است

یعنی بلکہ عجب عتاب تو

پانچوین واو معاوضہ مثلا عرفی شعر

ز شوق تو کہ نوئی تو پا و گلم ز عمر چہ سود — ہزار جان گرامی بیکقدم رفتار

بعض نے اس واو کو واو ندائیہ قرار دیا ہے ٭

چھٹی واو بائین جسکے ماقبل ضمہ خالص و غیر خالص نہو بلکہ فتح ہو مثلا غور ر دور - جور - شور وغیرہ بعض اُسکو واو طرفین و درمیان بہی کہتے ہین ٭

ساتوین واو مجہول جسکے ماقبل ضمہ خالص نہو مثلا ہور - بور - گور - مور وغیرہ

آٹہوین واو معروف جسکے ماقبل ضمہ خالص ہو مثلا طور دور - نور - صور وغیرہ

نوین نسبتی مثلا ہندو و نیکو کہ نیک و ہند سے منسوب ہے جاکو و پٹو کہ پٹ ایک قسم کا نرم پشمینہ ہوتا ہے و رنشو وغیرہ ٭

دسوین واو تقابل مثلاً فیضی - شعر

عشق ہست و ہزار شعلہ و رتاب — عقل ہست و ہزار پنبہ در آب

بعض اسکو واو تشبیہ و واو لزومیہ و واو تسویہ بہی کہتے ہین ٭

گیارہوین واو بمعنی مع - مصرع پیری و صد عیب چنین گفتہ اند و خالد - شعر

ہر کس و کار و گر ہر خود و بار دگرے — ہر دل و یار دگر خالد و سودا تو

بارہوین قسمیہ مثلا واللیل والشمس والقمر واللہ مہر علی - شعر

وہ چہ ناخن کہ بجود پرواز زد — ہفت لبست ہلال انداز زد

از تشریح الحروف

تیرہوین زائد - کہ کلام مین اُسکے معنون کی کچہہ حاجت نہو مثلا لیکن و لیکن لیک و ولیک ٭ سعدی - بیت

کہ انی بکیفیت این شکل من است	ولیکن قلم در کف دشمن است

مصرع لیکنش مہرو وفا نیست خدایا بدہش ؂

چودہوین واو مبالغہ مثلا برومند و تنومند یعنی صاحب ثمر بسیار و صاحب تن و قوی و صاحب تشریح الحروف نے اوسکو واو زائد لکھا ہے ؂

پندرہوین حالیہ جیسے حالت کے معنی پاکے جاوین مثلا **بیت**

داغم ز ناتوانی افسوس بد گلیست	دندان بجا نماند و رہ من لب گزیدنی است

یعنی حالت لب گزیدنی است **مصرع** من و انداز ہای مرغ بسمل **میلی** **بیت**

مردم و بر زندگانم رحم مے آید کہ تو	خونہان بیداد ہا داری کہ با ما کردہ

سولہوین واو استیناف کہ لفظ گرنہ پر اس کلام کے اول ہین کہ اثبات اسکا دوسرے کلام کی نفی کے حالت مین ہو آئی مثلا **قطعہ**

بگفتا من گلے نا چیز بودم	ولیکن مدتی باگل نشستم
جمال ہمنشین در من اثر کرد	وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم

سترہوین تصغیری کہ اعلام و اسامی آخر مین آئے مثلا پسرو یعنی پسر خورد پیشخو شیخ خورد **شعر**

بر من نظری میکند ای پسرو	چشم خوش تو کہ آفرین باد برآو

بعض اسکو واو ترحم بہی کہتے ہین ؂

اٹھارہوین عطفی کہ دو مفردون مین واقع ہو ساکن نہ مفتوح مثلا **مصرع** من و تو درمیان کاری نداریم **خاقانی**

ہشت خلد و ہفت چرخ و شش جہات و پنج عقل	چار ارکان و سہ ارواح و دو کون و یک خدا است

اور اگر دو جملون مین واقع ہو تو اسکو علیحدہ مفتوح پڑہنا چاہیئے اور کبھی محذوف

صائب ۔ بیت

بقدر ہر سکون راحت بود بنگر مراتب را	دویدن رفتن استادن نشستن خوابیدن مردن

بعض موقع مین واو عطف کا حذف ہونا بھی فصاحت و بلاغت کے زیادہ ہونے کا باعث ہوتا ہے مثلا **بیت**

قربان شوم ترا کہ ندانستہ ہنوز	اخلاص من محبت من اعتقاد من

اعداد مین واو عطف کا لانا مخل فصاحت ہے مثلا **مصرع** بوسہ گرفتم از لبش یک دو سہ چار پنج شش ؂

انیسوین واو استبعاد ۔ کہ مستبعد و مستبعد مین واقع ہو مثلا

حافظ ۔ بیت

من و انکار شراب این چہ حکایت باشد	غالبا اینقدرم عقل کفایت باشد

شعر ۔ قتیل

از تو بر گیرم و دل با دگری یار کنم	ای بقربان تو صد دل من این کار کنم

بیسوین واو ترہیب کہ راہب اور مرہوب کے درمیان واقع ہو مثلا **فرد**

چو فردا در آید بلند آفتاب	من و گرز و میدان افراسیاب

اکیسوین واو لزوم کہ لازم و ملزوم کے درمیان آئے مثلا **حافظ ۔ بیت**

ما و می و زاہدان و تقوی	تا یار سر کدام دارد

بائیسوین واو کلمہ کہ دو قسم پر ہے (اول) ملفوظی (دوسرا) غیر ملفوظی **ملفوظی** وہ ہے کہ تلفظ مین آئے خواہ متحرک ہو خواہ ساکن خواہ [illegible]

ہو مثلاً طاؤس و داؤد و دیوانہ و رضوان و گوش و ہوش وغیرہ

غیر ملفوظی وہ ہے کہ تلفظ میں نہ آئے - خواہ مکتوب ہو اور یہ دو قسم پر ہے (اوّل) واو بیان ضمہ - چونکہ الفاظ فارسی دو حرفون سے کم نہین کہ اوّل متحرک ہوتا ہے دوسرا ساکن اور تمام کلمات فارسی کا حرف آخر بھی ساکن ہوتا ہے اسواسطے واو بیان ضمہ حرف تا رقرشت اور دال ابجد اور جیم فارسی کے بعد لکھتے ہین مثلاً دو و تو و چو اور اس واو سے ضمہ حرف ماقبل کے شناخت کے سوا اور کچھہ فائدہ نہین ‍‍+

(دوسری) واو معدولہ - معدولہ اسکو اس سبب سے کہتے ہین کہ اُس سے عدول کرکے دوسرے حرف سی متکلم ہوتے ہین اور وہ تلفظ مین اچھی طرح سے ظاہر نہین ہوتی اور اشمام ضمہ بھی اُسکو کہتے ہین اس لحاظ سے کہ اُسکو اکثر خاء نقطہ دار مفتوحہ کے بعد لکھتے ہین یہ فتح خالص نہین ہوتی بلکہ ضمہ سے بو رکھتی ہے اور اشمام کے معنی بھی بوئیدن یعنی سونگھنے کے ہین اور دس حرفون کے اوّل آتی ہے - اوّل[۱] الف مثلاً خواب خوارزم خواجہ دوم[۲] - دوم دال مثلاً خود مرادف خویش سیوم[۳] را مثلاً خور آفتاب چہارم[۴] زا مثلاً خوز پنجم[۵] سین مہملہ مثلاً خوست بمعنی کوفتہ و مالیدہ ششم[۶] شین نقطہ دار مثلاً خوش بمعنی خوب و نیکو ہفتم[۷] نون مثلاً اخوند ہشتم[۸] یا مثلاً خوی و خوید بمعنی علف سبز جو نہم[۹] ہا مثلاً خویلہ بمعنی کج و ناراست و ہم ہای فارسی مثلاً خویلہ بمعنی نادان کبھی یہ خاء مخفف مفتوح ہوتی ہین مثلاً **سعدی - بیت**

پس پردہ بیند عملہاے بد		ہمون پردہ پوشد بہ آلاء خود	

دیگر

دران مدت کہ ما را وقت خوش بود		ز ہجرت ششصد و پنجاہ و شش بود

حافظ - ابیات

ماہی کہ رخش روشنی خور بگرفت		گرد سمنش بنفشہ پاسند بگرفت
دلہا ہمہ در چاہ زنخدان انداخت		وانگاہ سر چاہ بعنبر بگرفت

قطعہ

ای خسرو زمانہ کہ از روی معدلت		مسند فراز گنبد اخضر نہادہ
باد ابلق سپہر ترا رام کز ظفر		صد داغ بر جبین مہ خور نہادہ

تیسوین واو تخفیف کہ لفظ اوسکے مخفف کرنے سے پیدا ہوتی ہے

شعر

اول متحیر کہ چہ داند درا		عقل درین گم کہ چہ خواند ورا

چوبیسوین واو توسل مثلاً بیت - سعدی شیرازی

اگر دعوتم رد کنی ور قبول		من و دست و دامان آل رسول	

ہای ہوز

لغت مین اس حرف کے معنی طمانچہ مارنے کے ہین اسکے پانچ عدد ہین اور سترہ قسمین ہین ‍‍+

اوّل ہای ابدال کہ الف سے بدلے مثلاً ہیچ و ایچ سنائی بیت

خلق جز بند دگر ہیچ نہند		ہمہ را از سود مر ایچ نہند	

اور ہای عربی سے مثلاً کوہ و کوہ پانی کی موج کو کہتے ہین اور بار فا سے

مثلاً کوہ وکوپ ایک پہاڑ ہے اور جیم عربی سے مثلاً ناگاہ ونا کاج ٭

حکیم سوزنی - بیت

زہی دولت کہ من دارم کہ دیدم
چو تو ممدوح کرم را بنا کاج

وراہ وباج

فردوسی - بیت

چو تو شاہ بنشست بر تخت عاج
فروغ از تو گیرد ہمہ مہر وتاج

اور خاء معجمہ سے مثلاً ہلالوش وخلالوش بمعنی شور وغوغا

حکیم رودکی - بیت

بر گرد گل سرخ کشیدہ خط سبزی
تا خلق جہانرا فگندزان بخلالوش

ناصر خسرو - بیت

ہلالوش خوبان وین بہشتش اند
تو بے ہوشش را در ہلالوش کن

وخزینہ وہزینہ

فردوسی - بیت

ہزینہ باندازہ گنج کن
دل از بیشی گنج بی رنج کن

وخستو وہستو بمعنی مقر ومعترف اور دال مہملہ سے مثلاً شنبد وشنبد ہفتہ کے پہلے روز کو کہتے ہین

منوچہری - بیت

بفال نیک بروز مبارک شنبد
بنبد گیر وبدہ روزگار نیک بہ بد

اور سین مہملہ سے مثلاً راہ رواس کہ لغت ژند وپاژند ہے اور غین سے مثلاً بلغم وبلغم بہ دو زن ومعنی مہم اور فا سے مثلاً تہ ونفت بضم اول ہے اور کاف تازی سے مثلاً پروانہ وپروانک بفتح اول ہے وہ جانور جو شیر کے آگے آگے آواز کرتا ہوا جاتا ہے تاکہ اور جانور اسکی آواز سننے سے برکنار ہو جائیں یعنے اس رستے سے پوشیدہ ہو کر دوسری طرف چلے جائیں ۔

خاقانی - بیت

شاہا غضنفری تو ویروانہ تو من
پروانہ در پناہ غضنفر نکوتر است

اور لام سی مثلاً چاہ زنخ وچال زنخ

ابن یمین - بیت

شد دل خستہ من تشنہ چال زنخت
زانکہ انباشتہ تا لب آن چال بمشک

اور میم سی مثلاً باسرہ وباسرم بار عربی سے وہ زمین جو زراعت کے لیے آراستہ کی جائے اور پناہ وپنام بمعنی پوشیدہ کرنیوالا

اکمال اسمعیل - بیت

با اکابر بمجلس وخلوت
گفت گوی پنام میخواہم

اور واو سی مثلاً ساماں وساماں نوی اور یاء تحتانی سی مثلاً راہگان ورایگان اور ہائی ہوز اکثر اوقات حروف قریب المخرج سے ہم قافیہ لاتے ہین ٭

فردوسی - بیت

چنین گفت کز بہر کاؤس شاہ
بیایند بیش از ہمہ چاہ طلرح

دوسری ہائی اضافی کہ فصاحت کیواسطے کلمہ کے آخر مین الف ونون کے بعد آئی مثلاً فضلانہ وعذرانہ ومہرانہ وسالیانہ وماہانہ ۔

تیسری - تانیثی مثلاً فاضلہ عاقلہ عالمہ بالغہ وغیرہ ۔

چوتھے - بیانی مثلاً گوہر شاہانہ وکلام فاضلانہ وامیرانہ وعاقلانہ ۔

پانچوین - مصدری مثلاً زارہ بمعنی زار عربی مین معیوب کرنیوالا اور فارسی مین ضعیفی اور رونا

ابو شکور - بیت

ہزار زارہ کنم نشنوند زارہ من
بخلوت اندر با تو ہزار زارہ کنم

چھٹی - ستائش مثلاً رستم ورستم وزردشت وزردہشت میان وہمیان بمعنی کمر

ساتوین عاطفی مثلاً خوردہ و رفت و کشیدہ برد ۔ **حفظ بیت**

نہال تن ز بن بر کندہ رفتی	دلم را در بلا افگندہ رفتی

و از کار خود فراغت یافتہ سوار شد بعض اسکو ہای تعقیبیہ بھی کہتے ہین ۔

آٹھوین حالیہ کہ فعل ماضی کے بعد آئے اور حالت کے معنی دے مثلاً نشستہ و رسیدہ **طغرا ۔ بیت**

صنوبر بسکہ دل در رقص بستہ	ندیدہ یک نفس از خود نشستہ
فروتنی ہست دلیل رسیدگان کمال	کہ چون سوار بمنزل رسد پیادہ شود

ہای نشستہ و رسیدہ ہای مفعول نہین ہوسکتی کیونکہ یہہ دونو فعل لازم ہین ۔ از تشریح الحروف

نوین ہای ضمیر کہ لفظ ہو کا مخفف ہے اور عبارت عربی سے مخصوص ہے مثلاً دام اقبالہ و نوالہ و کمالہ و سلمہ وغیرہ ۔

دسوین ہای وقف کہ کلمات عربی کے آخر مین بجای تاء مثناۃ فوقانیہ اور کبھی بجای تاء تانیث آئے مثلاً رحمت و رحمہ و منت و منہ و جنت و جنہ و دولت و دولہ و حکمت و حکمہ و بالغہ و جمیلہ و مستورہ و غلغلہ

گیارہوین مقداریہ کہ اسما کے آخر مین تعیین مقدار کے لیے آئے مثلاً یکروزہ و یک ماہہ و یکسالہ و دو ماہہ و چندسالہ و یکشنبہ وغیرہ

بارہوین ۔ ہای تسمیہ اسکو اسما و افعال کے آخر مین ملحق کرتے ہین اور بہ نسبت اصل مادہ علم کے قرار دیتے ہین مثلاً زادہ و سبزہ و دانہ و نیلہ و سفیدہ و کوہہ و دیدہ و گردہ و گوشہ و پیمانہ و ریزہ و لالہ و نشانہ

تیرہوین تشبیہی کہ اسما کے آخر مین الف و نون جمع کے بعد واقع ہو مثلاً

عاشقانہ و **غنیمت ۔ بیت**

گہی در مکتب و گاہی بخانہ	گہی گشتی غزلخوان عاشقانہ

و دوستانہ و شاہانہ و غریبانہ و دوندانہ یعنی وہ چیز کہ بادشاہون اور دانتون اور غریبون اور دوستون کی مانند ہو اور زبانہ کے معنی شعلہ کے ہین کیونکہ وہ زبان کی مانند ہوتا ہے اور گوشہ مثل گوش (صاحب برہان قاطع لکھتے ہین) کہ جب کسی چیز کو کسی چیز سے کہ اُسکے مشابہ ہو تشبیہ دین تو حرف ہای ہوز اُسکے آخر مین لاتے ہین مثلاً مثالہای مذکورہ ۔

چودہوین ۔ ہای مفعول ۔ کہ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے بعد آتی اور لفظ شدہ کے معنی دے مثلاً شنیدہ ۔ دیدہ ۔ چکیدہ ۔ گزیدہ ۔ خریدہ وغیرہ

پندرہوین ہای فاعل ۔ مثلاً جوئندہ ۔ پوئندہ ۔ گوئندہ ۔

سولہوین نسبتی ۔ کہ اسما کے آخر مین آئے اور نسبت کے معنی اُسسے پائی جاوین مثلاً ہرکارہ و ناکارہ صاحب (غیاث اللغات و تشریح الحروف) نے ناکارہ و ہرکارہ کی ہا کو بمعنی ہای فاعل لکھا ہے مثلاً **حفظ ۔ بیت**

ہرچند کہ ناکارہ بکار دل و جانم	در کار جنون حفظ چو ہرکارہ دوانم

اور صاحب گلبن اکبر نے بمعنی نسبت اور کبھی بعد یا و نون نسبت کے بھی ملحق کرتے ہین مثلاً پارینہ و گنجینہ وغیرہ ۔

سترہوین ہای کلمہ اسکی دو قسمین ہین

اوّل مظہر کہ اول آخر و اوسط کلمات مین واقع ہو مثلاً ہر چند ہمہ مہر چہرہ کوہ ماہ و وجمع کی حالت مین خواہ اُسکے ماقبل کسرہ فتحہ یا ضمہ ہو بحال خود رہے

مثلاً رہ ہا و زرہ ہا و کوہ ہا و اندوہ ہا اور حالت تصغیر مین مفتوح مثلاً رہک و کہک و اندوہک اور اضافت کے وقت مکسور مثلاً رہِ من و زرہِ من و اندوہِ من اور ہاے ماقبل مضموم یا مفتوح سوا اُن کلمات کے کہ اُن سے ماقبل واو یا الف ہون اور وہ بضرورت نظم حذف کردئے گئے ہون کسی کلمہ مین نہین پائی گئی مثلاً کوہ کا مخفف کہ و چاہ و راہ کا مخفف چہ و رہ

دوسری ہاے مختفی کہ ملفوظ ہو اور حرکت ماقبل پر مختفی ہو وہ حرکت بھی ممدودہ اور کبھی مقصورہ ہوتی ہین مثلاً **حافظ**

چراغ روی ترا شمع روز پروانہ ۔ مرا ز عشق تو با حال خویش پروانہ

لفظ پروانہ مین مد حرکت ہے اور مقصورہ ہو تو ہای جمع کے الحاق کے وقت ساقط ہوگی مثلاً جامہ و جامہا و خامہ و خامہا اور تصغیر و یای نسبت و یای مصدر و الف و نون جمع کے ملحق کرنے کی حالت مین کاف فارسی سے بدل جائیگی مثلاً جامگک و خامگک و خانہ خانگی و بیگانہ و بیگانگی و نشستہ و نشستگان و فرومایہ و فرومایگان اور اضافت کے وقت ہمزہ سے مثلاً جامۂ من و خامۂ من وغیرہ

لای نافیہ

علوم الناس اسکو لام الف بھی کہتے ہین عربی مین نہی کیواسطے آتا ہے مثلاً لاتضرب و لاتقصر

ہمزہ

ایک منحنی خط ہی علوم ہمزہ کہتے ہین عربی مین اسکی کوئی صورت مقرر نہین کبھی الف سے مثلاً رایت جزاک کبھی واو سے مثلاً ہذا جزوک کبھی یا سے مثلاً نظرت الی جزئک لکھتے ہین اور فارسی مین کسی حرف سے متصل نہین ہوتا مگر منفصل

یاء تحتانی

لغت مین ناحیہ و دیوار کو کہتے ہین اسکے دس عدد ہین اور اسکی چار قسمین ہین ۔

اوّل یای ابدال کہ دال سے بدلے مثلاً بنیاد و بنداد اور لام سے مثلاً نای و نال یعنی نے **شیخ روزبہان بقلی - بیت**

چنانکہ با نوا زمن شوی و بلبل بستان ہست ۔ چو در رید و نجم گشتم و ہم شوی و خامش ہزار آوا

اور یای ہوز سے مثلاً روئیدہ و مروئیدہ یعنی ظاہر ہوئیولا و نشو و نما کرنیوالا اور تردید کے لیے مثلاً

سعدی - بیت

یا مکن با پیلبانان دوستی ۔ یا بنا کن خانۂ درخورد پیل

فخر الزمان بدر چاچی - بیت

سوی سر غول ست شب یا زلف مرغول است شب ۔ یا مشک محلول ست شب بر رست و صحرا ریختہ

جامی

عارض ست این یا قمر یا لالۂ حمرا است این ۔ یا شعاع شمس یا آئینۂ و لہاست این
چشم تو جادوست یا آہوست یا صیاد خلق ۔ یا دو بادام سیہ یا نرگس شہلاست این

دوسری یای معروف کہ جسکے ماقبل کسرہ خالص ہو اسکی گیارہ قسمین ہین

اوّل یای اثبات مثلاً مردِ فاضلی و کاتبی ۔

دوسری زائد ۔ مثلاً کاریگر و کارگر **امیر خسرو - بیت**

جہاندار بر تخت زرّ بار داد ۔ بکاریگران گنج بسیار داد

تیسری یای مبالغہ ۔ مثلاً علّامی ۔ فہامی وغیرہ ۔

چوتھی یای تشبیہی مثلا **نظامی - بیت**

زاغ بصحرِ تو ہماے کنند	سہرکہ رسد پیش تو پای کنند

حقیقت مین یہہ مصدری یاو ہے

پانچوین یای مفعول کہ اسما کے بعد آئے اور لفظ کردہ شدہ کے معنی دی مثلا مہری سندی انتخابی یعنی مہر و سند و انتخاب کردہ شدہ

چھٹی یای فاعل کہ اسما کے بعد آئے مثلا کسبی **ملا فوقی یزدی - بیت**

قوت کسبی چہ کار آید بکوری مردیش	از برای منع انزال آنکہ افیون میزند

وصیقلی - فریبی - غوغائی - حجتی - جہلی - کفایتی یعنی کسب - فریب - صیقل - غوغا حجت - جہل - کفایت کنندہ -

ساتوین یای متکلم کہ عربی مین اسما و القاب کے آخر مین آئے مثلا مخدومی استادی - قبلہ گاہی - الٰہی و مکرمی و معظمی و خداوندگانی و خداوندی و مشفقی یعنی مخدوم و استاد من وغیرہ **صائب**

نویسد نور چشمی آفتاب آن صفحۂ رورا	مہ نو قبلہ گاہی خواند آن محراب ابرورا

اٹھوین یای لیاقت - کہ مصدر کے آخر مین لیاقت کے معنی دی مثلا کشتنی و خوردنی بکیدنی و گزیدنی یعنی لایق کشتن و خوردن وغیرہ **صائب - شعر**

لعل و شراب ہردو بہم جوش میزنند	لعل تو ہم مکیدنی و ہم گزیدنی

شعر

شمع گر با تو کند دعوی نازک بدنی	کشتنی سوختنی باشد و گردن زدنی

نوین مصدری کہ لفظ شدن کے معنی دی مثلا بیداری و دوری و ہستی و جستی

اور عربی مین بھی مثلاً سلامتی اور نیز فارسی مین اسم فاعل ترکیبی کے بعد مثلاً دلجوئی عیب گوئی فیض بخشی زرریزی یعنی دلجوی شدن وغیرہ -

دسوین خطابی کہ افعال کے بعد آئے اور لفظ تو کے معنی دے مثلاً کردی وگفتی اور اسما کے آخر مین بھی بمعنی لفظ ہستی مثلاً طفلے وتیز ہوشے یعنی طفل ہستی وتیز ہوش ہستی -

گیارہوین - نسبتی - مثلاً - حجازی - ہندی - فارسی - رومی - لاجوردی آبی ہجری - جلوسی اور جب یای نسبت الف اور واو کے بعد واقع ہو تو یا کے ماقبل ہمزۂ مکسور بنا بر رفع اجتماع ساکنین کے سبب سے لایا جاتا ہو - مثلاً طلائے کہربائی عیسائی صنعائی اور کبھی وہ الف کہ اسم کے آخر مین ہو حذف ہوتا ہو اور ہمزۂ مکسور نہین لایا جاتا مثلاً بخارا بخاری اگر یاے نسبت ہاے مختفی کے بعد آئے تو ہا تلفظ مین ہمزۂ مکسور سے بدل جاتی ہو نہ کتابت مین اور علامت ہمزہ اس ہا پر لکھتے ہین مثلاً جامۂ و شکل جنینۂ و پستۂ **شعر** -

پستۂ جامہ تا بسپر کردہ	سر و ہا اغار د نظر کردہ

اور کبھی یا کتابت مین بحال رہتی ہو مثلاً سرمئی اور جس کلمہ کے آخر مین الف و ہا و یای تحتانی ہو تو یاے نسبت کے وقت یہ تینون واو سے بدلتے ہین مثلاً موسوی عیسوی دنیوی ماندہ مہنوی گنجوی دہلوی بریلوی ہردوی اور کبھی یہ واو حذف کرکے گری کہتے ہین مثلاً **انوری بیت**

داد یک جام بہشتی ز می ارزق پوشرا	بانو شیرین زنگی مشعر بین شکل گری

اور کبھی حالت نسبت مین ہای آخر کلمہ حذف کرتے ہین مثلاً مکہ کی بنگالہ بنگالی اور کاف فارسی سے بھی بدل دیتے ہین مثلاً خانہ خانگی پردہ پردگی بیعانہ بیعانگی اور کبھی الف و نون زائد یای نسبت سے اول لایا جاتا ہو مثلاً ربانی حقانی نفسانی ظلمانی جسمانی نورانی اور جس کلمہ مین تیسرا حرف یا ر اور نیز حرف آخر ہاء ہو تو یای نسبت کے الحاق سے دونون حذف ہوتے ہین مثلاً مدینہ ومدنی اور حنیفہ وحنفی اور قریش قرشی اور کبھی یای نسبت سے اول زای معجمہ زیادہ کرتے ہین مثلاً رازی ومروزی منسوب بری ومرو ؛

تیسری یاء مجہول اسکی تین قسمین ہین ـ

اول یاء امالہ کہ بجاے الف کے ہو مثلاً کتیب کیب مزیج حسیب ـ ابیدکہ اصل مین کتاب رکاب مزاج حساب آباد تھی ـ

دوم یای وقایہ کہ منادی و حرف ندا مین واسطہ ہوا ور اصلی نہو مثلاً خدایا خلاف ساقیا ـ

تیسرے یاء ملحق کہ حرف ربط سے ملحق ہو مثلاً دانا ستی یعنی دانا است وشیدستی وغمستی مگر غمستی کی یاء بعض مقام مین استمرار و تمنا کے معنی پیدا کرتی ہو مثلاً عرفی ـ مصرع گر بدل خوش غنودمی چہ غمستی ؛ فصحا کے کلام مین حرف ربط کے بعد عروض وضرب مین زائد مثلاً حزین ـ بیت

غیر وحدت عزت یکتای بی ہمتاستی	نقش لا در چشم وحدت بین من آلاستی

اور بعض مقام مین تنگی وزن کے سبب مشدد مصرع ناصر اسلام وحامی طریق مصطفی ـ

چوتھی ـ یای مقدار یہ مثلاً ظہوری ـ بیت

سخن را یار خاطر بود کوہے	نبودش صاحبی جز ناشکوہے

پانچوین زائدکہ الف وواو کے بعد اسما کے آخر مین اتمام کلمہ کے لیے نہ اضافت وتوصیف کے واسطے آئے اس طور سے کہ اسکے حذف کرنے مین معنون مین کچھ خلل نہو مثلاً خدای سرای ہمای ـ بیت

ہمای بر سر مرغان از ان شرف دارد	کہ استخوان خورد وطائری نیازارد

وموی وجوی وروی وخوی ـ سعدی

خدای راست مسلم بزرگی والطاف	کہ جرم بیند و نان برقرار میدارد

اور الف وواو کے سوا بھی مثلاً پیکی

اور نیز یای زائد بعض اسمای عربی وفارسی کے آخر مین لاحق ہوتی ہو مثلاً زیادت زیادتی ـ صائب

بزیر خاک غنی را برد مرد درویش	اگر زیادتی ہست حسرتی تا چند

قحط قحطی ـ طغرا

شب بزم اگر قحطی روغن است	چراغ پیالہ از ور روشن است

ونقصان ونقصانی حیاتی گیلانی ـ

اگر نہ لازمہ ذات دشمنت بودی	یکسر نبیر ندای خدای نقصانی

چھٹی یای مشترک کہ صیغہ ماضی ومضارع واستقبال ومتکلم مین تثنیہ وجمع کے لیے آئے مثلاً آمدید خواہیم آمد کردیم وغیرہ ؛

ساتوین یای تحقیر کہ اندک واستخفاف وحقارت کے معنی دے مثلاً سعدے

مطربی دور از ین خجستہ سرائے   کس دوبارش ندید در یکجا ہی

حافظ بیت

یار دارد سر صید دل حافظ یاران   شاہبازی بشکار مگسی می آید

آٹھوین ۔ یای تعظیم مثلاً شعر

ببرد دل ز کہنم دوش مجلس آرائی   سہی قدی سمن اندام ماہ سیمائے

سعدی

دشمن چہ دیدی ناتوان لاف غربت خود مزن   مغز نیست در سر استخوان و نیست در سر پیرہن

نوین یای اضافت کہ الف و واو ساکن کے بعد اظہار حرکت کے واسطے آئی مثلاً جابی او و ردی او و پای من و موی تو

دسوین یای استمرار کہ صیغۂ واحد و جمع غائب ماضی و واحد متکلم کے آخر آئے اور اُس سے مدام اور تکرار کے معنی حاصل ہون مثلاً کردی کردندی کردمی ـ

قطعہ

گرفتی کمر بند زور آزمائے   وگر کوہ بودی بکندی ز جائے
نخوردی کہ خاطر برآسایدش   ندادی کہ فردا بکار آیدش

سعدی شعر

بنزدیک شیخ آمدے گاہ گاہ   نکردی خدا وند سوی نگاہ

اور جب کوئی حرف حروف تمنا و شرط سے مثلاً کاش و اگر وغیرہ فعل پر آئی تو حذف ہونا اُسکا جائز ہی مثلاً شفیع ۔ اثر ۔ بیت

صبح پیری شد سفید و غفلت مالم نشد   کاش بیداری نصیب ما بقدر خواب بود

یعنی بودے عرفی بیت

بہر پا تا بہ خدام تو مہر نخت ہجر خ   از نبود اطلس افلاک جنین مستعمل

یعنی نبودی ۔ مرزا جلال اسیر ۔ ع اگر دیوانگی پیغمبری تشت ۔ یعنی داشتے

گیارہوین ۔ یای تمنا کہ صیغہ ماضی کے بعد آئے مثلاً جامی ۔ بیت

چہ بودی کہ پایم درین کار گل   شبخی فرو رفتی از کام دل

فوقانی ۔ مولف ۔ شعر

ز طوفان سرشک چشم برق آہ سوزانم   شدی زیر و زبر گر گنبد دوار یا ستے

بارہوین یای شرط و جزا کہ کبھی شرط و جزا دونو کے بعد آئی شعر

گر امروز بودی خداوند جاہ   نکردی خود از کبر در وی نگاہ

تیرہوین یای تنکیر کہ مفید معنی وحدت ہو اور اُس سے تحقیر و تذلیل و تکریم و تعظیم بھی پائی جائے مثلاً فلان مردی ہست یعنی مرد بزرگ است و فلان غلامی ست چہ اصل میدارد یعنی غلام حقیر ست اور تاکید کے واسطے مثلاً مصرع ہر یکے را بہر کاری ساختند ۔ اور غیر معین چیز کیطرف دلالت کرتی ہے مثلاً

شعر

یکی دیدم از عرصۂ رود بار   کہ پیش آمدم بر پلنگے سوار

مصرع ۔ در خرابات مغان نیست چو من شیدائی ۔ اور مولف (جہانگیری) لکھتا ہے کہ یای تنکیر تعجب کے لیے بہی آتی ہے پس اگر مخاطب ہو تو اُسکو معروف بولتے ہین اور اگر غائب ہو تو مجہول ۔

چودہوین یای تخصیصی کہ اُس سے ایک خاص چیز کی طرف ذہن مین ایما

کرین اور تنکیر بہ تخصیص کیطرف راغب ہون مثلا لفظ کسی مین **وحشی۔ شعر**

من وازدور تماشای گلستان کسے	بہ نگاہی شدہ خرسند بہ بستان کسی

آصفی۔ شعر

ساز آباد خدایا دل ویرانی را	یا بدہ مہر بتان ہیچ مسلمانی را

شعر

ہمہ شہر پر زخوبان منم وخیال ماہے	چکنم کہ چشم بدخو نکند بکس نگاہی

پندرہوین یای وحدت کہ یکی کے معنی دی اور نکرہ سی ملحق ہو نہ معرفہ سے مثلا پادشاہے **شعر**

بادشاہی پسر بمکتب داد	لوح سیمینش در کنار نہاد

وشخصے وگدای وامیری وغیرہ اور اگر یای مختفی کے بعد آئی تو ہمزہ سے بدل جاتی ہے مثلا **مصرع** یکم روز بر بندۂ دل بسوخت

سولہوین۔ یای توصیفی اور اسکو یای اشارت وایماہی کہتے ہین اور اسکے بعد کاف بیان صلہ کے واسطے خواہ متصل ہو مثلا **مصرع** یاد دو صلے کہ دل از ہجر خبردار نبود * خواہ منفصل مثلا **بیت**

قاتلے خون مرا ریخت کہ در روز جزا	نظر از ناز بہنگامہ محشر نکند

اگر یاء اور کبھی ہاء کے بعد ہمزہ سے تبدیل ہوتی ہے مثلا **مصرع** خوش بندۂ کہ باشد منظور ایزد پاک *

چوتھی یار مابین وطرفین

کہ نہ معروف ہو نہ مجہول اور اسکے فتح ماقبل ہو مثلا شیطان حیران سلیمان وغیرہ اسکو یائے مہین بھی کہتے ہین

خاتمۃ الکتاب

خداوند لایزال کا کمال ہزار شکر ہے کہ تحقیق الحروف کی تحریر ختم ہوئی خداوند تعالی اپنے کمال کرم وفضل سے اسکو منظور نظر خاص وعام کری طالبان علم اس سے فائدہ اٹھائین میری حق مین دعای خیر فرمائین اور یہہ نسخہ میرے نام سے دنیائے فانی مین یادگار رہے آمین *

تمت

قطعات تاریخ

از نتائج طبع مفتی غلام اکبر تخلص اکبر منشی فاضل ومختار عدالت

ہی یہہ نسخہ عمدہ تحقیق الحروف ایسا مفید	طالبان علم کو ہین فائدی جیسے الوف
بار ثانی چہپ چکا جسوقت اکبر سال طبع	بولا دل اب پہر ہوئی مطبوع تحقیق الحروف ۱۳۰۱ھ

از تصانیف حکیم مفتی محمد انور صاحب تخلص انور لاہوری

چون بفضل صانع لوح وقلم ارض وسما	بعد طبع این نسخہ شد مطبوع ہر اہل وقوف
زد رقم انور بسال انطباعش مصرعے	بو العجب مطبوع اہل طبع تحقیق الحروف ۱۳۰۱ھ

از تصانیف مفتی غلام حیدر تخلص حیدر لاہوری

بار ثانی ہو گئی مطبوع طبع اہل طبع	کیسی خوبی وخوش اسلوبی سی تحقیق الحروف ۱۸۸۴ء
غیب سے حیدر سروش دل پی تاریخ سال	بولا اب پہر چہپ چکی خوبی سی تحقیق الحروف ۱۳۰۱ھ